فوری ریلیز کے لیے: 2023/1/4 *گورنر* ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے ماہ اپریل کو جنسی حملوں سے آگاہی کا مہینہ قرار دینے کا اعلان جاری کیا ہے***

***انہوں آج رات 1 اپریل کو، ان حملوں سے بچ جانے والوں سے یکجہتی کا اظہار کرنے کے لئے ریاست کے یادگار مقامات پر نیلی آمیز سبز روشنیوں سے چراغاں کرنے کی ہدایات جاری کیں***

***ریاست نیویارک کا دفتر برائے انسدادِ گھریلو تشدد ہفتہ وار 'جنسی تشدد 101' تربیت؛ ڈینم ڈے کے اعتراف میں انسٹالیشنمنعقد کرے گا***

***اعلامیہ یہاں پڑھیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج ماہ اپریل کو ریاست نیویارک میں جنسی حملوں سے متعلق آگاہی کے مہینے کے طور پر تسلیم کرنے کے لئے ایک اعلامیہجاری کیا اور ہدایات جاری کیں کہ 12 ان حملوں سے بچ جانے والوں کے ساتھَ اظہارِ یکجہتی کے لئے ریاست کے یادگار مقامات پر آج رات 1 اپریل کو نیلی آمیز سبز روشنیوں سے چراغاں کیا جائے۔ اس اعلامیے کے ساتھ ساتھ ہم آہنگ ہو کر گھریلو تشدد کی روک تھام کا ریاستی دفتر ہفتہ وار 'جنسی تشدد 101' تربیت کا انعقاد کرے گا اور اسٹیٹ آفس آف جنرل سروسز کے ساتھ مل کر متاثرین کے تجربات کو خراج تحسین پیش کرنے اور عالمی ڈینم ڈے کو تسلیم کرنے کے لیے ایک نمائش کی میزبانی کرے گا۔

"جنسی حملوں کو ختم کرنے کا آغاز ثقافتی اقدار میں تبدیلی لانے، ان مسائل کی سنگینی کو اجاگر کرنے، اور بچ جانے والے افراد کی مدد کرنے سے ہو سکتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اب جبکہ ہم ماہ اپریل کو جنسی حملے سے آگاہی کے مہینے کے طور پر منا رہے ہیں، تو ہمیں پوری ریاست نیویارک میں ان واقعات کے بچ جانے والے متاثرین کو بااختیار بنانے کا عمل جاری رکھنا چاہئے، ان کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے کہ وہ پوری کمیونٹی میں اس بارے میں بات چیت کا آغاز کرنے کے لئے اپنی آواز استعمال کریں، اور بالآخر اپنا استحصال کرنے والوں کو ان کی مذموم حرکتوں کا ذمہ دار ٹھہرائیں۔"

**ریاست نیو یارک کے دفتر برائے گھریلو تشدد کی روک تھام کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Kelli Owens نے کہا،** "جنسی تشدد کا اثر ہر شعبہ زندگی سے وابستہ افراد پر پڑتا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ ہم جنسی تشدد کا تدارک ان واقعات سے بچ جانے والے افراد کو مرکزی حیثیت دے کر، ان پر بیتے ہوئے صدمے سے آگاہی حاصل کرکے، اور ثقافتی ردعمل دکھا کے کریں۔ OPDV میں ان واقعات کے متاثرین کی جانب سے اپنی آپ بیتیاں شیئر کرنے کی اہمیت کو سمجھتے ہیں جن میں ان کے عزم و ہمت اور ان واقعات کے اثر سے نکلنے کی کہانی ان کے اپنے الفاظ میں ان کی اپنی سہولت کے وقت میں بیان ہو، اور ہمیں ان کی آواز اجاگر کرنے پر فخر ہے۔ ماہ اپریل کو جنسی حملوں کے بارے میں آگاہی کا مہینہ قرار دینے اور جنسی حملے اور صنف کی بنیاد پر تشدد کے متاثرین کی حمایت کرنے کے لئے گورنر Hochul کا شکریہ۔"

OPDV 'جنسی تشدد 101' کی میزبانی کرے گا جو مقامی ڈسٹرکٹس، نجی فلاحی ایجنسیوں، میونسپلٹیوں کے عملے، سپروائزرز، اور منتظمین اور صنف کی بنیاد پر اور جنسی تشدد کے متاثرین کی مدد کرنے والے دیگر پیشہ ور ماہرین کے لئے ایک گھنٹے کے دورانیے والا ایک ورچوئل تربیتی کورس ہے۔ یہ ویب-بیسڈ تربیت صنف کی بنیاد پر

تشدد اور جنسی تشدد کا ایک بنیادی تعارف ہے، جس میں تعریفیں، رضامندی کی تشریح، اور متعلقہ اعداد و شمار شامل ہیں۔

ایجنسی عالمی ڈینم ڈے کو بھی اجاگر کرے گی جس میں ان واقعات سے بچ جانے والے افراد کے تجربات کو خراج تحسین پیش کرنے، ان کے عزم و ہمت کو سلام پیش کرنے، اور ان کی بحالی کے سفر کو اجاگر کرنے کے لئے ایک نمائش کا انعقاد کیا جائے گا۔ عالمی ڈینم ڈے جنسی زیادتی کا شکار ہونے والی ایک 18 سالہ لڑکی کے اعزاز میں شروع کیا گیا تھا، جس پر حملہ کرنے والے اس کے ڈرائیونگ انسٹرکٹر نے یہ دعوی کرکے اپنی سزا کامیابی سے ختم کر والی تھی کہ وہ اس لڑکی کی مدد کے بغیر اس کی جینز نہیں اتار سکتا تھا۔

اس فیصلے کے خلاف دنیا بھر میں احتجاج شروع ہو گیا تھا، اور پوری دنیا میں خواتین اس سے یکجہتی کا اظہار کرنے کے لئے میں ڈینم جینز پہن کر اپنے کاموں پر آئی تھیں۔ ایمپائر اسٹیٹ پلازہ کی راہداری میں قائم کی جانے والی تنصیب 25 اپریل سے 27 اپریل تک مقامی خدمات فراہم کرنے والوں کے بارے میں معلومات فراہم کرے گی اور جنسی زیادتی کا نشانہ بننے والوں کے عزم و ہمت کی کہانیاں اجاگر کرے گی۔

گورنر Hochul نے یہ بھی ہدایت کی کہ 12 ریاست کے یادگار مقامات اور عمارتوں پر جنسی حملوں سے آگاہی کے مہینے کو اجاگر کرنے کے لئے چراغاں کیا جائے۔ آج رات، 1 اپریل کو جن یادگار مقامات اور عمارتوں پر چراغاں کیا جائے گا ان میں یہ شامل ہیں:

- ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر
- گورنر ماریو ایم کیومو برج
- کوزی اوشکو برج
- دی ایچ۔ کارل میک کال SUNY بلڈنگ
- سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ
- الفریڈ ای۔ سمتھ اسٹیٹ آفس بلڈنگ
- ایمپائر سٹیٹ پلازا
- سٹیٹ فیئر گراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
- نیاگرا فالز
- دی "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج
- MTA LIRR - پین اسٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے
- ایری کینال پر فیئر پورٹ لفٹ برج

**عبوری ریاستی کمشنر برائے صحت Dr. James McDonald نے کہا،** "جنسی زیادتی کا نشانہ بننے والوں کے بارے میں شعور اجاگر کرنا اور ان کے ساتھ مسلسل قائم رہنے والی اس بدنامی کو زائل کرکے لوگوں کی زندگیوں کو حقیقی طور پر تبدیل کرنا ایک ضروری امر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ محکمہ صحت نے نامزد اسپتالوں میں ریاستی 'جنسی حملہ فرانزک ایگزامنر' پروگرام قائم کیا ہے تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ جنسی حملے کے متاثرین کو خصوصی طور پر ہمدردانہ اور پُر خلوص دیکھ بھال بھی ملے اور انکا علاج بھی فوری اور احترام والے جذبے کے ساتھ کیا جائے۔"

**ریاست نیویارک کے دفتر برائے متاثرین کی خدمات کی ڈائریکٹر Elizabeth Cronin نے کہا،** "ماہ اپریل کو ہم جنسی حملے کے بارے میں آگاہی کے مہینے کے طور پر منا کر متاثرین پر ہونے والے جنسی حملوں کے اثرات کو تسلیم کرتے ہیں، اور ساتھ ہی ہم ان طریقوں پر بھی غور و فکر کرتے ہیں جن سے ہم ان متاثرین کی مدد کرسکیں جنہوں نے وہ صدمہ برداشت کیا اور اب وہ اس کے اثرات سے نکلنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ایسے متاثرین اپنی شرائط پر زندگی گزارنے کے حقدار ہیں، خود پر ہونے والے حملے کے بوجھ سے آزاد، اور OVS کو ان کی صحت یابی کے عمل کے دوران ان کے لئے وسائل اور خدمات فراہم کرنے پر فخر ہے۔ ہم گورنر Hochul کے شکر گزار

ہیں جو ہماری نظر میں ایک چیمپیئن کی حیثیت رکھتی ہیں اور جنہوں نے ہمیشہ 'دفتر برائے متاثرین کی خدمات' کی مدد و معاونت کی ہے۔"

**دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا،** "اگرچہ رپورٹ کردہ جنسی تشدد کا زیادہ تر تجربہ خواتین اور لڑکیوں کو ہوتا ہے، لیکن صنفی شناخت یا جنسی رجحان سے قطع نظر کسی بھی شخص پر جنسی حملے ہو سکتا ہے۔ ہمیں جنسی حملے سے آگاہی کے مہینے کو اجاگر کرنے اور جنسی تشدد کے متاثرین کی آواز بلند کرنے میں مدد کرنے میں گورنر Hochul اور ریاستی ایجنسی کے اپنے پارٹنرز کے ساتھ شامل ہونے پر بہت مسرت ہے۔"

**ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے خدماتِ فوجداری انصاف کی کمشنر Rossana Rosado نے کہا،** "یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے معاشرے میں جنسی حملے اور صنف کی بنیاد پر تشدد کی نفوذ پذیری کو تسلیم کریں، خاص طور پر جب ہم اس کی روک تھام کے لئے کام کر رہے ہیں۔ اس مہینے، ہم متاثرین اور بچ جانے والوں کو عزم و ہمت کی ایک مثال کے طور پر خراج تحسین پیش کر رہے ہیں اور بطور ایک فرد ہمیں ان کے اور حوصلے کی داد دینی چاہئے۔ ان پرتشدد جرائم کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کی ہماری کوششوں میں مسلسل مدد و معاونت اور شراکت داری کے لئے گورنر Hochul کا شکریہ۔"

**دفتر برائے اطفال و اہلِ خانہ کی خدمات کی قائم مقام کمشنر Suzanne Miles-Gustave کا کہنا تھا کہ،** "مجھے جنسی زیادتی کے متاثرین کی مدد کے لیے گورنر Hochul کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے پر بہت مسرت اور اس سے ریاست نیویارک کے غیر متزلزل عزم کو مزید تقویت ملے گی۔ میں OPDV میں اپنے پارٹنرز کی بھی معترف ہوں جنہوں نے یہ اہم ترین تربیت تیار کی اور ان حملوں کے متاثرین کی بات ان کی شرائط پر سننے اور اس پر ہمدردانہ انداز میں غور و فکر کرنے کے لئے ایک پلیٹ فارم فراہم کیا۔ ہم ان کے تجربات سے سیکھ کر اور ان کی بہادری کو تسلیم کرکے ہی مکمل طور پر یہ بات سمجھ سکتے ہیں کہ ان کی ضروریات کو کیسے پورا کیا جائے اور اس صدمے سے بحال ہونے میں ان کی مدد کیسے کی جائے۔ جنسی تشدد کئی صورتیں اختیار کرتا ہے، جن میں بچوں اور خاندان کے دیگر افراد کے ساتھ ہونے والا گھریلو تشدد بھی شامل ہے۔ اپریل کے دوران اور ہر مہینے، OCFS کو ایسے متعدد پروگراموں کے انعقاد اور شمولیت پر فخر ہے جو گھریلو تشدد کے متاثرین کو محفوظ ہونے کا احساس دلائیں، انہیں گلے لگائیں، اور انہیں بااختیار بنائیں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں